Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **4**

A–122

B.A. (Part-I) Examination, 2021

URDU

Paper–I

(Prose and Drama)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

(i) وجہی کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔

(ii) میر امن دہلوی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ان کی تصانیف کے نام لکھیے۔

(iii) غالب کے خطوط کے مجموعوں کی تعداد اور ان کے نام لکھیے۔

(iv) سر سید احمد خاں کے والدین کے نام اور کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(v) اچھی کتاب کے مصنف کا نام اور ان کے خیالات اچھی کتاب کے بارے میں مختصراً تحریر کیجیے۔

(vi) کتے کے مصنف کا نام اور مختصراً ان کے اسلوب پر لکھیے۔

(vii) رتن ناتھ سرشار کی نثر نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(viii) کرشن چندر کے ڈرامے کی خوبیوں پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے۔

(ix) دروازے کھول دو کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(x) اودھ پنچ سے وابستہ دو لکھنے والوں کے نام لکھیے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

احساس کا نام کسی چیز کا ادراک کرنا یا کسی مسئلے کا حل کرنا یا کسی بات پر غور کرنا اور سوچنا نہیں ہے۔ اس کا کام صرف یہ ہے کہ جب کوئی موثر واقعہ پیش آتا ہے تو وہ متاثر ہو جاتا ہے۔ غم کی حالت میں صدمہ ہوتا ہے، خوشی میں سرور ہوتا ہے، حیرت انگیز بات پر تعجب ہوتا ہے۔ یہی قوت جس کو احساس یا فیلنگ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ شاعری دوسرا نام ہے یعنی یہی احساسات جب الفاظ کا جامہ پہن لیتا ہے تو شعر بن جاتا ہے۔

(ب)

قید خانے کی چار دیواری کے اندر بھی سورج ہر روز چمکتا ہے اور چاندنی راتوں نے کبھی قیدی اور غیر قیدی میں امتیاز نہیں کیا۔ اندھیری راتوں میں جب آسمان کی قندیلیں روشن ہو جاتی ہیں تو وہ صرف قید خانے کے باہر ہی نہیں چمکتیں۔ اسیرانِ قید ومحن کو بھی اپنی جلوہ

فروشیوں کا پیام بھیجتی رہتی ہیں۔ صبح جب طباشیر بکھیرتی ہے اور شام جب شفق کی گلگوں چادریں پھیلانے لگے گی تو صرف عشرت سراؤں کے دریچوں ہی سے ان کا نظارہ کیا جائے گا۔

3 نمک کے داروغہ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

4 رتن ناتھ سرشار کی نثر نگاری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

5 ملاوجہی کی نثر نگاری پر روشنی ڈالئے۔

6 پریم چند کی طرز تحریر پر روشنی ڈالئے۔

7 کرشن چندر کی ڈراما نگاری کی خوبیاں بیان کیجیے۔

8 دروازے کھول دو کے مرکزی کردار پر روشنی ڈالئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب 500 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9 میرامن کی نثر نگاری پر روشنی ڈالئے۔

10 سرسید احمد خاں کی طرز تحریر کی خوبیاں بیان کیجیے۔

11 ابوالکلام آزاد کی نثر کی خوبیاں بیان کیجیے۔

12 ڈرامے کی تعریف بیان کرتے ہوئے فن پر روشنی ڈالئے۔